Majallah-yi Talim o Tahqiq

مجلہ تعلیم و تحقیق

Markaz Talim o Tahqiq, Gulshan-e-Taleem,
Sector H-15, Islamabad, Pakistan

مرکز تعلیم و تحقیق، گلشنِ تعلیم، ایچ۔۱۵، اسلام آباد، پاکستان

ISSN (P): 2618-1355, ISSN (Online): 2618-1363

Issue 3, Vol ,8 , July–September ,2026

شمارہ ۳، جلد ۸، جولائی۔ ستمبر، ۲۰۲۶

# پاکستان میں اسلامی بینکاری کا قانونی ارتقاء: روایتی بینکاری قوانین اور شریعہ اصولوں کے مابین ہم آہنگی کا ایک تنقیدی جائزہ

# THE LEGAL EVOLUTION OF ISLAMIC BANKING IN PAKISTAN:

## A Critical Legal and Sharīʿah Analysis of the Banking Companies Amendment Act, 2024

**Sami-Ud-Din**[1]

**Dr. Muhammad Asghar Shahzad**[2]

**Dr. Muhammad Abubakar Siddique**[3]

***Abstract***

*This research paper presents a critical examination of the legal and Sharīʿah evolution of Islamic banking in Pakistan, with a focus on the process of incorporating Islamic provisions within the existing conventional banking regulatory framework. Adopting a qualitative research methodology grounded in Legal Doctrinal Theory. The primary data is collected through semi-structured interviews' questions through focus group discussions (FGDs). The total number of FGDs conducted is 9 that contain 8 academicians, 5 judicial officers, 3 from Council of Islamic Ideology, 5 legal practitioners, 4 Shariah Academy Islamabad and 3 respondents one each from legislation, money Bill Drafting Department of the National Assembly and Deputy Secretary Finance from the Finance Division. Interviews were transcribed manually and then through Virginia Braun and Vitoria Clark's thematic methodology were analyzed. For statistical analysis Google Studio, Claud and Google Gemini pro were used. The study conducts a systematic analysis of the legal texts, judicial precedents, and regulatory frameworks — in particular the Banking Companies (Amendment) Act 2024 and the Banking Companies Ordinance (BCO) 1962. The paper raises fundamental questions about the legal validity of the said Amendment Act. A central concern is that while the Federal Shariat Court (FSC), in its landmark judgment on the Prohibition of Ribā (2022), directed the complete elimination of Riba from Pakistan's economic system, the Amendment Act — by inserting Part-IIA and and repeated reaffirmation of Section 7 of the BCO — has granted Islamic banking only a nominal and structurally constrained space within an interest-based statutory framework. This legislative development has, in effect, provided renewed legal legitimacy to the existing interest-based banking system. The FSC's judgment had closed the door on the legal validity of the interest-based banking system beyond 2028, yet the Amendment Act has breathed new life into it. The FSC had also effectively suspended the operation of Sections 7 and 9 of the BCO, yet through this Amendment Act, these provisions have been given formal legislative endorsement. Moreover, the Amendment Act is also in conflict with Articles*

[1] Corresponding Author, Visiting Fculty Member, Faculty of Law and Shariah, International Islamic University, Islamaabad. Email: sami.uddin.vt2053@iiu.edu.pk

[2] Assistant Professor, School of Islamic Banking and Finance, School of Islamic Banking Banking and Finance, International Islamic University, Islamaabad

[3] Assistant Professor, School of Islamic Banking and Finance, International Islamic Univeristy Islamabad.

*38(f), 2, 226, and 229 of the Constitution of Pakistan, which mandate the elimination of laws repugnant to Islam and the establishment of an interest-free Islamic economic system. The paper addresses a significant research gap in the existing literature, where the structural incompatibility arising from grafting Sharīʿah provisions onto a conventional legal base — and the absence of a constitutional and legal mandate for the State Bank's key Sharīʿah regulatory institutions — is typically overlooked. The findings reveal that, notwithstanding recent amendments such as the omission of Section 25AA, the addition of Part-IIA, and the exemptions provided under Section 26A, the fundamental legal structure remains anchored in conventional financial logic, giving rise to a fragmented and dualistic financial system. Furthermore, key State Bank institutions — the Islamic Banking Department (IBD) and the Sharīʿah Advisory Committee (SAC) — continue to operate without an explicit constitutional or legal mandate, rendering them legally ultra vires and structurally vulnerable. This academic and structural discord constitutes a major impediment to meeting the FSC's 2027 deadline for a fully interest-free economy. The paper concludes that piecemeal amendments have failed to achieve the genuine objectives of Sharīʿah, and that a truly Islamized economy demands a comprehensive and systemic procedural and legal transformation.*

## 1- تعارف

مرّوجہ قانونی فریم ورک (legal framework) کے قالب میں شرعی واسلامی دفعات کے ضمیمے کا اندراج پاکستان کے شعبۂ بینکاری میں، گہرے ساختیاتی اور اصولی التواجات و پیچیدگیوں کا پیش خیمہ ثابت ہو رہا ہے[4] قانونی مشکل یہ ہے کہ احکامِ شریعت کو ایک ایسی اساس پر استوار کرنے کی سعی کی جارہی ہے جو عقلی و منطقی موافقت کے اصولوں پر پوری نہیں اترتی۔[5]بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962 اساسی طور پر سود پر مبنی ہے جو روایتی سودی بینکاری کی ترویج کے لیے وضع کیا گیا تھا، لہٰذا اس کے بطن میں شرعی قوانین کی پیوند کاری حتمی اور موزوں مطابقت پیدا کرنے سے قاصر ہے۔[6]مملکت کا یہ قانونی ڈھانچہ روایتی اور اسلامی بینکاری کے مابین ہم آہنگی کی فضا قائم کرنے کے بجائے گہری ساختیاتی تضادات و منافات کو جنم دے رہا ہے۔[7]

## 2- اسلامی بینکاری کے انضمام میں اساسی چیلنجز اور موانعات

### 2.1- علمی و نظریاتی اختلاف(Epistemological Divergence)

سب سے بڑا چیلنج دونوں نظاموں کے نظریہ ہائے علم (Epistemology) کے مابین صریح تضاد ہے۔[8] مروجہ روایتی مالیات ایک دنیاوی ولادینی عقلیت پر استوار ہے جو زر و سرمائے کو محض ایک جنسِ بازار (commodity) گردانتی ہے، جسے ایک معینہ قیمت (سود) کے عوض کرائے پر دیا جاسکتا ہے۔ اس کے برعکس، اسلامی نظامِ معیشت الہامی وحی سے منسوب و وابستہ ہے، جو جملہ معاشی سرگرمیوں کو حقیقی تجارت، مشارکتِ مخاطرہ(risk-sharing)اور معاشرتی و اسلامی اخلاقیات کے تابع رکھنے کا تقاضا کرتی ہے۔[9]ناقدین کا استدلال ہے کہ بینکنگ کمپنی آرڈیننس کے متن میں اسلامی ابواب جیسے (Part-IIA کا الحاق کرنا بعینہٖ ایسا ہی ہے جیسے کسی ناول میں کیمسٹری کا ایک باب ہمراہ مجلد (bind) کر دیا جائے اور پھر یہ خیال کیا جائے کہ مذکورہ ناول اب کیمسٹری کے تجربات میں مددگار ثابت ہوگی۔ عین اسی

---

[4] Sami Uddin, "Legal Foundations for Shariah-Compliant Islamic Banking in Pakistan: Challenges and the Way Forward," *Available at SSRN 5149088* (2024).

[5] Ayu Puspita Sari, "Harmonization of Islamic and Conventional Banking Law in Dual Banking System (Digital Transformation and Progressive Innovation)," *Journal of Islamic and Law Studies* 9, no. 2 (2025).

[6] MURVAT SARDAD KHAN, "The Legal Framework for Islamic Banking: Pakistan's Experience," in *Current Legal Issues Affecting Central Banks, Volume I* (International Monetary Fund, 2020).

[7] Waqas Ahmad Watto, "Islamic Economic Transformation in Pakistan: Prospects, Structural Impediments, and the Imperative of Shariah-Compliant Governance," *Journal of Islamic Economic Insights* 2, no. 1 (2026).

[8] Abbas Mirakhor and Wang Yong Bao, "Epistemological Foundation of Finance: Islamic and Conventional," *Economic Development and Islamic Finance* 25 (2013).

[9] Rusdiyanto Rohman Sahid et al., "Legal Perspective of Investment Risk Mitigation on Peer-to-Peer Lending Platforms," *Journal of Social Science Studies* 3, no. 1 (2023).

طرح کا طریقِ کار روایتی قانون کے اساسی ڈھانچے (DNA) کو بدلنے میں سعی لاحاصل کے مترادف ہے، کیونکہ اس کی بنیاد اب بھی محض سرمائے کے تحفظ پر قائم ہے جو شرعی مقاصد، یعنی عدلِ تقسیمی (distributive justice) کے زریں اصولوں کے خلاف ہے۔[10] اربابِ علم و دانش کے بموجب جب تک اساسی قانونی جڑ روایتی و سودی ہے، تو اس سے حقیقی اسلامی ثمرات و نتائج کے حصول کی تمنار کھنا لاحاصل ہے۔[11] اسلامی دفعات کا یہ الحاق اکثر ایک پراگندہ، منقسم (fragmented) اور الجھاؤ سے پُر قانونی منظر نامہ پیش کرتا ہے۔ حالیہ ترامیم، مثلاً دفعہ A26، روایتی بینکوں کو ایک "مستثنیٰ" حیثیت عطا کرتی ہیں، جس کے بابت وہ سود پر مبنی اپنے معاملات جاری رکھنے کے مجاز ٹھہرتے ہیں، حالانکہ اسلامی بینکاری کی اصطلاحی و رسمی تعریف وضع کی جا چکی ہے۔ اس روش سے ایک ایسا دولخت و منقسم نظام (bifurcated system) ظہور پذیر ہوتا ہے جہاں قانون میں حالیہ ترامیم انہی سودی طریقوں کی پاسبانی کرتی ہیں جن کی بیخ کنی وفاقی شرعی عدالت کے انسداد سود کے فیصلے، ہمارے آئین اور دین کا بنیادی مدعا ہے[12] اس قانونی ابہام نے ایک اور قانونی تشکیک کو جنم دیا ہے وہ یہ کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے سرکولرز اور شریعہ گورننس فریم ورک کی حد تک ریگولیٹری فریم ورک تو بظاہر شریعت سے ہم آہنگ معلوم ہوتا ہے، مگر اساسی قانونی فریم ورک (Legal Framework) (یعنی مجموعہ قوانینِ اصلی) ہنوز روایتی سودی قانون کے شکنجے اور غلبے میں گرفتار ہے اور جو شریعت کے مسلمہ اصولوں کے موافق نہیں ہے۔[13]

مروجہ روایتی قوانین سرمایہ کاروں (Investment Account Holders) کو قرض خواہ (creditors) تصور کرتے ہیں، جبکہ شریعہ کے رو سے وہ ایسے شراکت دار (partners) تسلیم کیے جاتے ہیں جو نفع و نقصان دونوں میں برابر کے شریک و حصہ دار ہیں۔[14] پالیسی سازوں نے اس اہم قانونی سقم کی طرف کوئی توجہ نہیں دی جس کی وجہ سے ہماری عدالتیں ان شرعی دفعات کی شمولیت کے علی الرغم ہمارا عدالتی نظام ان کے کماحقہٗ نفاذ کے اختیارات سے تہی دست ہیں۔[15] پورا شریعہ گورننس فریم ورک ہمارے عدالتی نظام تصفیہ میں ناقابل عمل ہے۔ کیوں کہ مروجہ اساسی قوانین بینکنگ ججوں یا مشیرانِ قانون کو یہ مؤثر اور صریح حکم صادر نہیں کرتے کہ وہ نزاعات اور تنازعات کا تصفیہ اسلامی اصولِ تجارت کی بنیاد پر کریں۔ اس قانونی خلا کی وجہ سے ہمارے عدالتی نظام میں پیچیدہ مالیاتی ابہامات و معاملات کا فیصلہ شرعی اساس پر کرنے کی صلاحیت مفقود ہے، جس کے باعث جج صاحبان فریقین کے درمیان فیصلے اور تصفئے روایتی ضابطوں، جیسے کہ ضابطہ دیوانی (Civil Procedure Code, 1908) اور ریکوری آف فائنانس آرڈیننس (Recovery of Finance Ordinance 2001) پر کرتے ہوتے ہیں۔[16]

**علمی تعطل کا دائرہ (Epistemic Closed Loop):** اعلیٰ تجارتی مدارس (Elite Business Schools) ایک مخصوص فکر کا بند علمی دائرہ (epistemic closed loop) تخلیق کرتے ہیں اور تیکنیکی تقلیل پسندی (technocratic reductionism) کو فوقیت دیتے ہیں۔ وہ ایسے پیشہ ور افراد تیار کر رہے ہیں جو فائننشل انجینئرنگ میں تو یدِ طولیٰ رکھتے ہیں مگر اسلامی مالیاتی اصولوں سے علمی و فکری طور پر یکسر کورے (epistemically disembodied) ہوتے ہیں۔ یہی مخصوص طبقہ فکر ہمارے مالیاتی پالیسیاں بناتے ہیں۔

اسلامی بینکوں میں بھی ایک خاص طبقہ فکر کے لوگ فائز ہیں جو بینکنگ انڈسٹری کے اسلامائزیشن کے حوالے سے جزوی فکر کے حامل ہیں۔[17] یہ طبقہ بھی دو ذیلی طبقات میں منقسم ہے۔ ایک وہ طبقہ جو اسلامی بینکوں میں شریعہ ایڈوائزرز کے فرائض منصبی پر متمکن ہیں۔ ان کو تو فقہ کے حوالے سے معلومات تو حاصل ہیں لیکن

---

10 SM Akkas, "Relative Efficiency of Conventional and Islamic Banking Systems in Financing Investment" (© University of Dhaka, 2024).

11 Hasan Zubair, *Islamic Banking and Finance* (Taylor & Francis, 2023).

12 Constitution, (Pakistan1973); BCAA, "Banking Companies Amendment Act, 2024," (2024).

13 Mustanir Hussain Wasim and Muhammad Bilal Zafar, "Shariah Governance Framework for Islamic Banking in Pakistan: A Critical Review and Comparison with Aaoifi," *Journal of Islamic Accounting and Business Research* (2023).

14 Umi Latifah, "Unveiling Partnership Culture in Sharia Banking Regulations," *BANCO: Jurnal Manajemen Dan Perbankan Syariah* 6, no. 2 (2024).

15 Mugheesa Zahid, "Islamic Banking in Pakistan: Legal Framework, Challenges and Growth Prospects," *Journal of Asian Development Studies* 12, no. 02 (2023).

16 Gunawan Widjaja and Siti Nur Azizah, "Legal Analysis of the Implementation of Sharia Banking Law and Compilation of Sharia Economic Law in Strengthening the National Financial System in Indonesia," *INTERNATIONAL JOURNAL OF ECONOMIC LITERATURE* 2, no. 12 (2025); Ulya Atsani, "Purification of Sharia Banking Law in the National Banking System," *JURIS (Jurnal Ilmiah Syariah)* 21, no. 1 (2022).

17 Rafiullah Sheikh and Khalid Hussain, "Reimagining Islamic Banking in the Light of Maqasid Shariah," *Qualitative Research in Financial Markets* 17, no. 5 (2025).

قانونی معاملات سے بے بہرہ ہیں۔ وہ فقہ اور قانون کے نفاذ کے دوائر( implimentational domains of Islamic jurisprudence and Islamic banking law) میں فرق نہیں کر سکتے۔ وہ سمجھتے ہیں انہوں نے فقہ میں کمال دکھا تو دیا لیکن وہ یہ نہیں جانتے کہ اسلامک بینکنگ کا قانون ویسے کا ویسا ہی ہے پچھلے اسی سالوں سے یا اس سے بھی زیادہ کیوں کہ بعض قوانین تو پاکستان بننے سے پہلے کے بنے ہوئے ہیں۔ ان قوانین کے حوالے سے تو یہ طبقہ کوئی ادراک نہیں رکھتا۔[18]

جو دوسرا طبقہ اسلامک بینکنگ انڈسٹری کے ساتھ منسلک ہے وہ قانون کو تو جانتے ہیں لیکن وہ اسلامی مالیات کے حوالے سے کورے ہیں۔ ان کو اس بات سے کوئی سروکار نہیں کہ سود کو کیسے ختم کیا جاسکتا ہے۔ یہ طبقہ خالص انگریزی قانون کے حوالے عدالتوں میں تو پیش کرتے ہیں لیکن اسلامی مالیاتی فقہ اور اسلامی مالیاتی قانون کو جانتے نہیں۔ یہ طبقہ فریقین کے درمیان تنازعات کے حل کے لئے سٹیٹ بینک اور عدالتی چارہ جوئی کو اسی طرح نافذ کراتے ہیں جس طرح حکم صادر ہوا ہو۔ ان کو سودی معاملات کی حلت اور حرمت سے اتنا لینا دینا نہیں ہوتا۔ یہی وجہ ہے کہ یہ طبقہ سٹیٹ بینک کا ریگولیٹری فریم ورک نہیں جانتا کیوں کہ یہ عدالتی کاروائی کا فعال حصہ نہیں ہے۔ ان دونوں طبقوں کے درمیان اتنا بڑا علمی خلیج ہے کہ ایک دوسرے کو اپنا اپنا نقطہ نظر سمجھا بھی نہیں سکتے۔ یہ دونوں ایک دوسرے کی حیثیت تسلیم کرنے کے لئے تیار بھی نہیں حالاں کہ یہ دونوں طبقات ایک ہی انڈسٹری سے وابستگی رکھتے ہیں۔[19]

روایتی اداروں کی قانونی و مالیاتی نقالی(*isomorphismus mimeticus iuridicus et pecuniarius*)اسلامی مالیاتی اداروں میں روایتی ڈھانچوں اور کارکردگی کے معیارات کی نقل کرنے کا رجحان پایا جاتا ہے۔ اس نقالی کی دو ہی وجوہات ہیں۔ ایک بڑی وجہ افرادِ کار کا ہے۔ اسلامی بینکوں کا موجودہ عملہ زیادہ تر روایتی اداروں کے فراغت یافتہ ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ اکثر معاملات میں روایتی بینکوں کی نقالی کرتے ہیں۔ یہ نقالی معاہداتی وثیقوں ( treaty documents) سے لیکر منافع کی تقسیم تک پھیلی ہوئی ہے۔ یہ نقالی آپ شریعہ تعمیلات(Shariah-compliance) میں بھی پائی جاتی ہے۔ اس سے ایک ظاہری تعمیل (superfacial Shariah-compliance) پیدا تو ہوتی ہے لیکن فی الحقیقت وہ اپنے اندر ان روایتی اداروں کی روح لئے ہوتی ہے، جیسا کہ مقداری تناسب (quantitative ratios) کا استعمال) مثلاً قرض و اثاثہ جاتی تناسبات debt-to-asset thresholds جو سود پر مبنی اجزاء کو ختم کرنے کے بجائے انہیں ایک" قابلِ برداشت "حد تک برقرار رکھتا ہے۔

اس نقالی کی بڑی وجہ روایتی قانونی اور مالی ڈھانچوں کی عملداری۔ دونوں ڈھانچے عملی اور فکری طور پر اتنے قوی ہیں کہ پوری اسلامی بینکنگ انڈسٹری کو یرغمال بنا رکھا ہے۔ جب تک یہ دونوں ڈھانچے مکمل طور پر تحلیل نہیں ہوں گے اور نئے سرے سے اسلامی خطوط پر ان کے متوازی ڈھانچے تعمیر نہیں ہوں گے، موجودہ اسلامی بینکنگ کے قانونی اور مالیاتی فریم ورکس میں کسی قسم کی تبدیلی کارگر نہیں ہو گی۔ بلکہ الٹا نقصان کی صورت میں روایتی بینکاری نظام کو مضبوطی کا سبب بنی گی۔[20]

## 2.5- منتقلی اور نفاذ کی ڈیڈ لائن(Deadline for the Complete Transformation of Economy)

مکمل انضمام کا راستہ کام کی بھاری نوعیت اور عدالتی ڈیڈ لائنز کی وجہ سے پیچیدہ ہے۔ وفاقی شرعی عدالت (FSC) نے حکم دیا ہے کہ 31 دسمبر 2027 تک پورا معاشی نظام سود سے پاک کیا جائے۔ تاہم، ماہرین قانون اور معیشت کی رائے ہے کہ مروجہ جزوی و پیوند نما ترامیم (Piecemeal Amendments) دراصل اس منتقلی کو مزید الجھا رہی ہیں، کیونکہ یہ بالواسطہ طور پر روایتی سودی نظام کو ایک "خاموش منظوری" فراہم کرتی ہیں، جس سے عدالتِ عالیہ کی جانب سے معین کردہ ہمہ گیر معاشی و قانونی تبدیلی(transcendere *transformatio oeconomica et iuridica*) کی حتمی میعاد (deadline) کو پورا کرنا محال نظر آتا ہے۔[21]

[18] Muhammad Ayub, M Kabir Hassan, and Irum Saba, "Revisiting the Paradigm of Sharīʿah Governance of Islamic Financial Institutions," *Journal of Islamic Accounting and Business Research* 15, no. 8 (2024).
[19] Hussain G Rammal and Lee D Parker, "Islamic Banking in Pakistan: A History of Emergent Accountability and Regulation," *Accounting History* 18, no. 1 (2013).
[20] Salman Shaikh, "Islamic Banking in Pakistan: A Critical Analysis," (2012).
[21] Post-2027-Financial-System, "Strategy Paper Post 2027 Financial System," ed. Finance Division (2026).

## 3- بینکنگ کمپنیز آرڈیننس (BCO) میں حالیہ ترامیم کا تجزیہ

بینکنگ کمپنیز) ترمیمی (ایکٹ 2024 کے ذریعے مصنوعات کی ایک وسیع رینج کو تسلیم کیا گیا ہے، تاہم بعض دیگر ترامیم قانونی اور اخلاقی طور پر حمایت کے قابل نہیں ہیں۔ذیلی سطور میں ان کا تفصیلی خاکہ پیش کیا گیا ہے۔

### 3.1- سیکشن 25AA کا حذف ہونا اور اس کے مابعد اثرات

ترمیمی ایکٹ 2024 کے دفعہ 7 کی رو سے اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP) کے ان اختیارات کا خاتمہ کر دیا گیا ہے جو دفعہ 25 AA کے تحت سابقہ دور میں مروّج تھے۔ اس دفعہ کے بموجب اسٹیٹ بینک کو بینکاری معاملات میں رونما ہونے والی بے ضابطگیوں (irregularities) یا تفویض کردہ اختیارات کے ناجائز استعمال کی رپورٹ وفاقی حکومت کو ارسال کرنے کا اختیار حاصل تھا، جو بینکوں اور صارفین دونوں کو قوانینِ بینکاری کی پاسداری کا پابند بناتا تھا۔ انحراف کی صورت میں وفاقی حکومت اس رپورٹ کو ایوانِ پارلیمنٹ کے سامنے پیش کرنے کی مکلف تھی۔ یہ ضابطہ بنیادی طور پر بینکوں اور صارفین کے مابین باہمی استحصال کے سدِ باب کے لیے وضع کیا گیا تھا۔
• **حذف کرنے کے محرکات اور نقصانات** :اس دفعہ کو ساقط و حذف کرنے کا ایک قوی و ممکنہ سبب یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان متمول و اثر و رسوخ والے بڑے نادہندگان کی پردہ پوشی و حفاظت کی جائے جنہوں نے تجارتی بینکوں سے رعایتی (subsidized) نرخوں پر بڑی مقدار میں قرضے حاصل کیے اور اب ان کی ادائیگی سے گریزاں ہیں یا انہیں کلیتاً معاف (write off) کرانے کی تگ و دو میں مصروف ہیں۔ اس نئی ترمیم نے ایسے رسوخ دار افراد کو ایک محفوظ راہِ فرار (protected legal escape) مہیا کر دی ہے۔ اگرچہ دفعہ 40 کے تحت اسٹیٹ بینک کو مداخلت کا وسیع دائرۂ اختیار حاصل ہے، تاہم بینکوں کی بنیادی لغزشوں اور خلاف ورزیوں پر وفاقی حکومت کو مطلع کرنے کا اختیار اب انتہائی محدود کر دیا گیا ہے۔[22]

### 3.2- سیکشن 47 کا متبادل اور نئی دفعات کی شمولیت

دفعہ 47 کے تحت اسٹیٹ بینک کو کسی بینکاری ادارے کے کاروبار کی از سرِ نو تشکیل (reconstruction) یا انضمام (amalgamation) کے لیے وفاقی حکومت سے رجوع کرنے کا اختیار تفویض تھا، جسے اب دفعہ 42 کی ذیلی دفعات (A) تا (I) سے بدل دیا گیا ہے۔[23]

بی سی او (BCO) میں ایک نیا باب 'Part II C' شامل کیا گیا ہے جو اسٹیٹ بینک کو کسی اسلامی بینک کی نو تشکیل، انضمام، یا عبوری بینک (bridge bank) کے قیام کا غیر محدود اختیار بخشتا ہے تاکہ اس کے اثاثہ جات اور واجبات کی منتقلی عمل میں لا کر اسے احیاء و بحالی کا موقع فراہم کیا جا سکے۔ یہ باب اسٹیٹ بینک کو جملہ متعلقین (stakeholders) کے مفادات کی نگہبانی کی غرض سے کسی اسلامی بینکنگ کمپنی کے تصفیے (resolve) کا مختار بناتا ہے، اور یہ اختیارات اسلامی بینکاری کی صنعت کی شرعی افزائش میں کوئی قانونی رکاوٹ کھڑی نہیں کرتے۔[24]

### 3- "Part-IIA" کا الحاق اور اسلامی بینکاری کی سرکاری سطح پر توثیق و تسلیم

بینکنگ کمپنیز (ترمیمی) ایکٹ 2024 کی دفعہ 18 کی وساطت سے 'Part-IIA' کا اضافہ کر کے اسلامی نظام بینکاری کو باقاعدہ تسلیم کیا گیا ہے، جو کہ مملکت میں احکام شریعت پر استوار اسلامی بینکاری کی صنعت کا اولین سرکاری سطح پہ تسلیم شدگی ہے۔ اسٹیٹ بینک نے اس مسودۂ قانون (draft bill) کی وکالت و تجویز کی تھی تاکہ یہ بی سی او (BCO) کا جزوِ لاینفک بن جائے۔ اس باب کے تحت کل ۱۳ ذیلی دفعات 39A تا 39M شاملِ متن کی گئی ہیں۔ باوجود یہ کہ مذکورہ سرکاری سطح کی تسلیم شدگی کا اسلامی بینکنگ انڈسٹری پہ کوئی خاطر خواہ مالی و قانونی اثر نہیں پڑا بلکہ اس کا فائدہ تو بالواسطہ طور پر روایتی بینکاری کو ملا کیوں کہ وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کے مطابق اس انڈسٹری کو کام جاری رکھنے کا کوئی اخلاقی جواز نہیں بنتا تھا۔ مذکورہ ترمیم سے روایتی بینکاری کو وہ اخلاقی جواز مہیا ہو گیا۔

---

[22] BCO, "The Banking Companies Ordinance, 1962 Amended in October 2024," ed. The State Bank of Pakistan (1962).
[23] Ibid.
[24] Ibid.

### 3.3.1 سیکشن 39 A اور اس کے مستثنیات

یہ سیکشن جملہ اسلامی بینکنگ اداروں (IBIs) پر بلا تفریق نافذ العمل ہے اور حاکمانہ دائرہِ اختیار کی حامل ہے۔ اگر قوانین بینکاری کی کوئی شق دیگر قوانین سے متصادم ہو تو اس دفعہ کو قانونی فوقیت و ترجیح حاصل ہو گی۔ آرڈیننس کا کوئی بھی ایسا ضابطہ جو احکام شریعہ سے تضاد رکھتا ہو، وہ اسلامی بینکنگ اداروں کے کاروباری معاملات پر لاگو نہیں کیا جائے گا۔ تاہم، اس آرڈیننس کے تحت چار استثناءات روا رکھے گئے ہیں جن کی صراحت دفعہ 26 A کی ذیلی دفعات (1)، (2)، (3) اور (4) میں موجود ہے۔ اسلامی بینکنگ ادارے محض شرعی اصولوں کے مطابق عقدِ مشارکت (مضاربہ اور مشارکہ) کی اساس پر ہی امانتیں (deposits) قبول کرنے کے مجاز ہیں۔

سیکشن 26A(iii) میں پالیسی سازوں نے بینکنگ مارکیٹ کے موجودہ سود بازاری (Market Status quo) کو قائم رکھنے کے لئے روایتی مالیاتی اداروں کو اجازت دے رکھی ہے کہ وہ سود پہ پیسوں کا لین دین کریں تاوقتیکہ وفاقی حکومت سود بازاری کو اپنی نوٹیفیکیشن کے ذریعہ سے ممنوع قرار نہ دے۔ اس وقت جبکہ ملک میں دوئی بینکنگ نظام (Dual Banking System) قانونی طور پر رواج پا چکا ہے تو وفاقی حکومت اس طرح کی نوٹیفیکیشن سے گریزاں ہی رہی گی۔ اور اگر حکومت ایسی کوئی حرکت کرے بھی تو اس کے اس عمل کو قانونی لحاظ سے عدالت میں چیلنج کیا جا سکے گا۔ پالیسی سازوں کی یہ حالیہ قانونی ترمیم آئین پاکستان کے آرٹیکل 2 اور 227 کی صریح خلاف ورزی ہے۔

سیکشن 26A(iii) میں مالیاتی اداروں کھلی اجازت دی گئی ہے کہ وہ جمع شدہ امانتیں اپنی صوابدیدی اختیارات کے مطابق سرمایہ کاری میں استعمال کرے۔ اس طرح کھلی اجازت دینے سے نقصان کا اندیشہ بڑھ سکتا ہے۔ لہذا شرعی مالیاتی اصولوں کے مطابق مضارب صاحب المال کی اجازت کے بغیر اس کا سرمایہ اگر کسی ایسے مد میں لگائے جس سے نقصان ہو جائے تو صاحب المال اس نقصان میں شریک نہیں ہو گا بلکہ وہ سارا نقصان مضارب بینک برداشت کرے گا۔

### 3.3.2 سیکشن 26A کے تحت استثناءات کا شرعی و قانونی تجزیہ

سیکشن 26A کے قانونی دفعات روایتی بینکوں کو سود، بغیر سود، اور منافع و نقصان کی بنیاد پر ڈپازٹس قبول کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ اس قانون نے روایتی بینکوں کو زیادہ آزادی دے دی ہے بنسبت اسلامی بینکوں کی جس کی وجہ سے لیول فلینگ فیلڈ جو درست مسابقت کے لئے ضروری ہے بھی متاثر ہوا ہے۔ یہ سیکشن اسلامی بینکوں پر لاگو نہیں ہے۔ اس کی وجوہات درج ذیل ہیں:

1- سیکشن 26A (1)(i) منافع و نقصان کا اشتراک: یہ سیکشن شرعی اصولوں پر مبنی نفع و نقصان کے اشتراک (Shariah Compliant Profit and Loss Sharing) اور روایتی منافع و نقصان کے اشتراک (Conventional Profit and Loss Sharing) کے درمیان فرق نہیں کرتا۔ روایتی نظام میں منافع کا تناسب پہلے سے طے نہیں ہوتا جس سے غرر) غیر یقینیت (پیدا ہوتا ہے، جبکہ شرعی نظام میں تناسب) مثلاً 40% یا 60% پہلے سے طے کیا جاتا ہے۔ روایتی بینک ڈپازٹس کو سودی آلات میں لگا سکتا ہے اور ڈپازٹس کی ضمانت دیتا ہے، جبکہ شرعی بینک صرف شرعی compliant طریقوں میں سرمایہ کاری کرتا ہے، اور سرمایے کی ضمانت بھی نہیں دیتا، اور اس قسم کی سرمایاکاری پہ شرعی گورننس فریم ورک (SGF) کا اطلاق ہوتا ہے۔[25]

2- سیکشن 26A (1)(ii) بغیر سود کے ڈپازٹس: یہ موڈ یہ نہیں بتاتا کہ ڈپازٹس کو کس پورٹ فولیو میں لگایا جائے گا۔ بینکوں کو اختیار ہوتا ہے کہ وہ انہیں سودی آلات میں لگا کر ایسا منافع کمائیں جو اسلامی اصولوں کے خلاف ہو۔ شرعی اصول غرر کی وجہ سے منافع میں غیر یقینی کی اجازت نہیں دیتے۔

3- سیکشن 26A (1)(iii) سود کی بنیاد پر ڈپازٹس: یہ سیکشن بینکوں کو سود پر ڈپازٹس کی اجازت دیتا ہے، جو ربا کی ممانعت کی وجہ سے IBIs پر لاگو نہیں ہو سکتا۔ یہ آئین کے آرٹیکل 38(f)، 227 اور مقاصدِ قرارداد (Objectives Resolution) سے مطابقت نہیں رکھتا اور مالیاتی نظام میں دوہرا پن (duality) پیدا کرتا۔

---

[25] Saad Azmat et al., "Investor's Choice of Shariah Compliant 'Replicas' and Original Islamic Instruments," *Journal of Economic Behavior & Organization* 132 (2016).

4- سیکشن (2) 26A فنڈز کی علیحدگی :اس کے تحت منافع و نقصان والے ڈپازٹس کے پول کو الگ رکھنے کی ہدایت ہے، مگر چونکہ یہ روایتی منافع و نقصان کے تحت قبول کیے جاتے ہیں، اس لیے یہ شرعی اصولوں سے مطابقت نہیں رکھتے۔

5- سیکشن (3) 26A بینک کا مطلق اختیار :بینک کو مطلق اختیار (absolute discretion) دینا شرعی طور پر غیر مطابقت پذیر ہے۔ اسلامی اصولوں کے تحت بینک' مضارب 'ہوتا ہے اور اسے سرمایہ کاری کا اختیار صرف فریقین کے معاہدے کے تحت ملتا ہے۔ یہ سود سے بچنے کی بات تو کرتا ہے مگر دیگر تجارتی اخلاقیات کی پابندی نہیں کرتا، اس لیے یہ شرعی طور پر compatible تو ہے مگر compliant نہیں ہے۔

6- سیکشن (4) 26A نقصان میں حصہ داری :اگرچہ یہ نقصان میں ڈپازٹرز کو حصہ دار بناتا ہے، مگر پورٹ فولیو شرعی نہ ہونے اور اصل رقم کی ضمانت دینے کی وجہ سے یہ شرعی طور پر compliant نہیں ہے۔ اسلامی نظام میں فنڈز شرعی بورڈز کے اسکرین کردہ پورٹ فولیوز میں لگائے جاتے ہے۔

اہم نوٹ :یہ چاروں استثناءات بی سی او کے سیکشن 7 اور 9 کے بارے میں خاموش ہیں، جنہیں وفاقی شرعی عدالت نے اپنے فیصلے میں ترمیم کرنے یا معطل کرنے کا حکم دیا تھا۔ مقننہ کو چاہیے کہ یا تو ان سیکشنز کو اسلامی بینکاری کے لیے استثناء قرار دے یا انہیں منسوخ کرے۔

### 3.3.3- سیکشن :39B پروڈکٹس، اصول اور ان کی تعریفیں

سیکشن 39B کے تحت دی گئی تعریفیں صرف اسی مخصوص حصے تک محدود ہیں تاکہ اسلامی اور روایتی بینکاری قوانین ایک دوسرے میں مداخلت نہ کریں اور روایتی نظام اس کا استحصال نہ کرے۔ تاہم اس سیکشن میں کئی ایک خامیاں ہنوز موجود ہیں:

•اسلامک ڈپازٹ اکاؤنٹ :(IDA) کرنٹ ڈپازٹ اکاؤنٹ کی تعریف میں منافع (return) کی ادائیگی کے حوالے سے ترمیم کی ضرورت ہے۔اس ترمیم سے اسلامی بینک سرمایہ کاری پر زیادہ سے زیادہ توجہ دینا شروع کریں گے۔اور اس قسم کی ترمیم سے کم سرمایہ رکھنے والے کھاتہ داروں کا کچھ نہ کچھ آمدن آنا شروع ہو جائے گا۔ کیوں کہ بینک ان اکاؤنٹس پر ڈپازٹرز کو کوئی منافع نہیں دیتے جبکہ ان فنڈز پر بینک سالانہ اربوں روپے کماتے ہیں، جو چھوٹے ڈپازٹرز کا مالی استحصال ہے۔ بینکوں کی طرف سے اسے' قرض حسنہ 'قرار دینا تسلی بخش دلیل نہیں ہے۔[26]

•شریعت کی نامکمل تعریف :سیکشن (g) 39B کے تحت شریعت کی تعریف نامکمل ہے کیونکہ اسلامی بینکاری صرف قرآن و سنت کے احکامات تک محدود نہیں ہے بلکہ موجودہ نظام کا قرآن و سنت سے براہِ راست تعلق ثابت کرنا مشکل ہے۔ شریعت کی اصطلاح میں پانچوں تسلیم شدہ فقہی مکاتبِ فکر اور ان کے درمیان' تلفیق 'کو شامل کیا جانا چاہیے۔[27]

•پانچ بنیادی شرعی مالیاتی اصول :سیکشن (i) 39B کے تحت پانچ اصول بیان کیے گئے ہیں (i) :ربا کی ممانعت، (ii) غرر اور قمار کی ممانعت، (iii)شرعی تقاضوں کی پابندی، (iv) رسک اور ریوارڈ کا اشتراک و معاشرتی انصاف، اور (v) ناانصافی، استحصال و ذخیرہ اندوزی سے اجتناب۔ ان اصولوں تک پابندی کو محدود کرنا نامکمل طریقہ ہے، کیونکہ اسلامی مالیات کا بنیادی مقصد معاشی و مالی استحصال کو روکنا ہے۔

[26] Rusni Hassan, "Saving and Current Account in the Context of Shari ‘Ah Contract," *Nigerian Chapter of Arabian Journal of Business and Management Review* 1, no. 12 (2014).

[27] Abdul Rafay, Ramla Sadiq, and Muhammad Ajmal, "Fragmentation of Islamic Financial Products–an Exploratory Study of Islamic Schools of Thought," (2016); Syed Hussain, Muhammad Abubakar Siddique, and Muhammad Asghar Shahzad, "Talfīq in Financial Matters in the Resolutions of International Islamic Fiqh Academy: A Critical Evaluation," (2023).

**1. سود (ربا) سے بچنا**

لیگل فریم ورک میں یہ نہیں بتایا گیا کہ اگر کوئی صارف دیوالیہ ہو جائے تو اس صورت میں سود سے کیسے بچایا جا سکتا ہے۔ اسی طرح، عام (کنونشنل) بینکوں کے پاس بھی کوئی ایسا متبادل طریقہ نہیں ہے جس سے وہ بغیر سود کے قرض یا ایڈوانس دے سکیں۔

**2. غرر، جوا اور سٹے بازی سے بچنا**

اسلامی طریقے سے کاروبار کرنے کے لیے کوئی واضح اور مکمل قانونی طریقہ کار (پروسیجر) موجود نہیں ہے۔ اس قانونی خلا کی وجہ سے مختلف بینکوں نے اپنے اپنے طریقے اپنائے ہوئے ہیں، جس سے یکسانیت ختم ہو جاتی ہے۔ یہاں تک کہ موجودہ شرعی گورننس فریم ورک (SGF-25) میں بھی یکساں طریقہ کار موجود نہیں ہے۔

**3. نفع و نقصان میں شراکت داری (رسک اور ریوارڈ کی تقسیم)**

رسک کا اندازہ لگانے اور نفع نقصان بانٹنے کا کوئی ایک جیسا (یکساں) طریقہ نہیں ہے۔ اس کی وجہ سے ادارے اپنے فائدے کے مطابق مختلف طریقے استعمال کرتے ہیں، جس سے وہ خود زیادہ منافع کما لیتے ہیں جبکہ عام صارفین کو کم ریٹرن ملتا ہے۔ اس نظام میں جانبداری اور من پسندی بھی عام دیکھی جاتی ہے۔

تینوں مسائل میں مشترکہ بات یہ ہے کہ اسلامی مالیاتی اصولوں پر عمل کرنے کے لیے واضح، مکمل اور یکساں قانونی طریقہ کار موجود نہیں ہے، جس کی وجہ سے اداروں کو اپنی مرضی کرنے کا موقع ملتا ہے اور صارفین کا نقصان ہوتا ہے۔

پالیسی سازوں کو دستاویزی دفعات سے زیادہ پروسیجرل فریم ورک اور اطلاق کے طریقہ کار پر توجہ دینی چاہیے۔

### 3.3.4- سیکشن 39C: کاروباری طریقوں کا تضاد

اس سیکشن کے تحت اسلامی بینک شرعی اصولوں کے مطابق Islamic Deposit Account قبول کر رہے ہیں، لیکن "as specified by the State Bank" کے الفاظ کی وجہ سے وہ سیکشن 7 کے تحت مقرر کردہ کاروباری طریقوں کے پابند ہیں۔ یہ نئی ترمیم وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے سے متصادم ہے، جس میں سیکشن 7 کو اسلامی مالیات کے اصولوں کے خلاف قرار دیا گیا تھا۔ لہٰذا سیکشن 39C(c) کو وفاقی شرعی عدالت میں پٹیشن دائر کر کے واپس لیا جانا چاہیے۔ اس کے علاوہ، بینکوں کو فنڈز کسی بھی منافع بخش طریقوں میں لگانے کا اختیار ہے، جبکہ عمومی اصولوں میں یہ استثناء ہونا چاہیے تھا کہ یہ اصول IBIs پر لاگو نہیں ہوتے تاکہ وہ صرف شرعی compliant طریقوں میں استعمال کریں۔[28]

### 3.3.5 - سیکشن 39D سے 39M تک کی دیگر اہم دفعات

